आया सावन झूम के

آیا ساون جھوم کے

اداکاران

دھرمیندر - آشا پارکھ

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

اعلیٰ پریس دہلی

گانے
آیا ساون جھوم کے

ترانہ

نظر وہ جو دشمن پہ بھی مہرباں ہو
زباں وہ جو اک پیار کی داستاں ہو
کسی نے کیلئے ہمارے دوستو برا مت سنو
برا مت دیکھو برا مت کہو بدی ہے برائی میرے دوستو
زمانے میں سب زندگی یوں گزاریں
گلستاں میں رہتی ہیں جیسے بہاریں
یہ کہانی یہی زندگانی یہی ہے
جیو آپ اوروں کو بھی جینے دو
حسیں ہیں بہت رنگ کے بھی فسانے
محبت کی باتیں وفا کے ترانے
یہ ترانے سناؤ یہ فسانے سناؤ
مگر یاد رکھو میرے ساتھیو۔ ترانہ۔۔

گانا نمبر ۲: من ری سکھی ہولے ہولے بول
جیا مورا ڈولے
کل رات جب میں سوئی سپنے میں آیا رے کوئی

آ کر پکڑ لو میری نازک کلائی
راما دوہائی ہے میرے راما دوہائی
بتیاں مروڑی چوڑیاں توڑی ہائے ہائے
پوچھو نہ جا کیا میری حالت بنائی
سکھیاں ہو تم بس نام کی
میری ساتھی سویرے شام کی
نہیں آواز دے کے پکارا نام لے کے
مصیبت مجھ پہ پڑی رہی سب دن گھڑی
کوئی سہیلی میرے پاس نہیں آئی
وہ رنگ ہے نہ روپ ہے وہ چھاؤں ہے نہ دھوپ ہے
ہوا کیا جانے مجھے کوئی سمجھے سمجھائے مجھے
دیکھی آئینے میں جو صورت آج میں نے
میں اپنی صورت نہ پہچان پائی
پلکوں پہ مجھ کو بٹھایا
مجھ کو گلے سے لگایا
لڑی رے آنکھ لڑی
پڑی مشکل میں پڑی
رہوں چپ تو جی ڈرے نہ جانے کیا ہو رہے
شور مچاؤں تو ہو جائے رسوائی

گانا نمبر ۳:۔ سانوریا نہیں جانا کہ جی نہ لگے
موسم ہے سہانا کہ جی نہ لگے
سانوریا کس نے مانا کہ جی نہ لگے
جی کو بہت سمجھانا کہ جی نہ لگے
میرے لیے بالما چھوڑ دو آج بتیاں
وہ جھوٹا جو بتیاں کل آئے نا
جا کے پھر آؤ گی آ کے پھر جاؤ گی
آنے جانے میں جوانی ڈھل جائے گی
ہاں چھوڑ دو آنا جانا کہ جی نہ لگے
جی کا برا حال ہے جب سے جی لگایا
تجھے جی میں لیا تیرے ہی لیے
جی کا تھا خیال تو کاہے جی لگایا
مجھے جی میں لیا اے جی بولیے
جانے کی تو بالما مرضی نہیں میری
ڈر لگتا ہے بری جگ والوں سے
ارے چھوڑو دنیا سوہنیوں جگ سے ڈرتے ہو
جگ خود ڈرتا ہے دل والوں سے
گانا نمبر ۴:۔ مانجھی چل او مانجھی چل
تو چلے تو چھم چھم باجے موجوں کی پائل

نیا جیون ندیا کی دھار ہے
تن ہے نیا من منوا رہے
سن او ماجھی موجوں کی پکار ہے
تھام لے تو مست پون کا لہراتا آنچل
آشاؤں سے ناطہ جوڑ دے
نراشا کے بندھن توڑ دے
سن او ماجھی آج کا غم تو چھوڑ دے
آج تو پیچھے رہ گیا ہے سامنے ہے کل
گانا نمبر ۵:۔ بدرا چھائے کہ جھولے پڑ جائیں
مل گئے کہ میلے لگ جائیں
ادے بچ گئی دھوم رے
کہ آیا ساون جھوم جھوم کے
بدرا چھائے کہ جھولے پڑ گئے رے
گجرا رے بدریا کو چوم کے
کاہے سامنے سب کے بالموا تو چھیڑے ظالموا
کاہے پھینکے نظر کی ڈوری تو تک چھپ کے گوری
گجرا ٹوٹے رے بری بکھرا جائے رے
میرا گجرا کہ بچ گئی دھوم رے
جانے کس کو کس کی یاد آئی کہ چلی پروائی

جانے کس برہن کا من ترسا کہ پانی برسا
گنگناتے ہوئے گنگنا لائے کہ گھر لوٹ کے آئے
کہ پردیسی بدیسوا سے گھوم کے
تیرے سہرے کی ہیں یہ کلیاں کہ ساون کی جھڑیاں
یہ مست گھٹاؤں کی ٹولی کہ تیری ہے ڈولی
دھڑکا جائے رے میرے سنوارے سجنوا کہ بج گئی ..
گانا نمبر۷ ۔ میں اک حسینہ وہ اک دیوانہ
تاروں بھری رات میں پہلی ملاقات میں
بس اس نے دیکھا میں نے دیکھا پیار ہو گیا
کیسے شروع ہوئی دل کی کہانی سنو
میں شرما رہی تھی کہیں جا رہی تھی
کیا اک اشارہ کسی نے پکارا
میں نے دیکھا گھوم کے اس نے دیکھا جھوم کے
دو دن نہ میں ملی اس کا مجھے خط ملا
لکھا تھا ستمگر نہ آئی تو جا کر
خطا ہو گئی کیا خفا ہو گئی کیا
دو دن سے یہ حال ہے دیکھو تو کمال ہے
گانا نمبر۸: یہ شمع تو جلی روشنی کے لیے
اس شمع سے کہیں آگ لگ جائے تو

یہ تبسم کیا کرے

یہ ہوا تو چلی سانس لے ہر کوئی
گھر کسی کا اجڑ جائے آندھی میں
تو یہ ہوا کیا کرے

چل کے پورب سے ٹھنڈی ہوا آ گئی
اٹھ کے پربت سے کالی گھٹا چھا گئی
یہ گھٹا تو اٹھی پیاس سب کی بجھی
آشیاں پہ کسی کے گری بجلیاں
تو یہ گھٹا کیا کرے

پوچھتا ہوں میں سب سے کوئی دے جواب
ناخدا کی بھلا کیا خطا ہے جناب
ناخدا لے کے ساحل کی جانب چلا
ڈوب جائے سفینہ جو منجدھار میں
تو ناخدا کیا کرے

وہ جو الجھن سی تیرے خیالوں میں ہے
وہ اشارہ بھی تیرے سوالوں میں ہے
یہ نگاہ تو ملی دیکھنے کے لیے
پر کہیں یہ نظر دھوکا کھا جائے تو یہ نگاہ کیا کرے

ختم شد

اُردو انگلش میٹرک پاس

دُنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک انگریزی بولی جاتی ہے۔ دُنیا کے چھوٹے بڑے ہو پاروں میں ملازمین اور دستخطوں میں غرضیکہ دُنیا میں ہر جگہ انگریزی کا بول بالا ہے۔ آپ اگر انگریزی نہیں جانتے۔ تو آپ دُنیا سے الگ تھلگ پڑے رہیں گے۔ اسلئے انگریزی سیکھئے۔ انگریزی خاندانوں میں جس طرح بچے اپنے گھر والوں سے انگریزی بولنا سیکھ لیتے ہیں۔ آپ بھی صرف ایک گھنٹہ روزانہ ہماری کتاب کو پڑھکر تین مہینے میں سیکھ سکتے ہیں۔ اور انگریزی میٹرک کی قابلیت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب یورپ کے ایک مشہور مصنف کی کتاب کی مدد سے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب ہائی سکول و کالج کے لڑکوں کیلئے فائدہ مند ہے۔ بہت آسان زبان میں لکھی گئی ہے۔ صرف انگریزی میں میٹرک کا امتحان دینے والے لڑکے اور لڑکیاں اس اصلی کتاب کی مدد سے پاس ہو گئے ہیں۔ جلد منگوا کر فائدہ اٹھائیں

قیمت صرف چھ روپے بمعہ ڈاک خرچ

ترقی انڈو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی